5مارچ2022ء

# 'بلا رکاوٹ آسان ڈیجیٹل اکاؤنٹ': اسٹیٹ بینک خواتین کی مالی شمولیت کے سفر کو اجاگر کرنے کے لیے تقریب منعقد کرے گا

پاکستان میں خواتین کی مالی شمولیت کے سفر کو اجاگر کرنے کے لیے بینک دولت پاکستان، یو بی ایل، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک اور بینک الفلاح کی شراکت سے 7مارچ 2022ء کو 'آسان ڈیجیٹل اکاؤنٹ: بریکنگ بیریئرز' کے عنوان سے ایک تقریب کی میزبانی کرے گا۔ محترم گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر رضا باقر اس تقریب کے مہمان خصوصی ہوں گے۔

اس تقریب میں ہماری معیشت میں خواتین کے کردار اور حصے کو اجاگر کیا جائے گا اور اسٹیٹ بینک اپنا نمایاں آسان ڈیجیٹل اکاؤنٹ متعارف کرائے گا جو کسی بھی جگہ سے کسی بھی وقت اسمارٹ فون یا کمپیوٹر کے ذریعے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مدد سے اور مزید کسی دستاویز کی شرط کے بغیر مکمل خدمات کے ساتھ اکاؤنٹ کھولنے کا مکمل ڈیجیٹائزڈ طریقہ ہے۔

اس بنا پر اس تقریب کو اردو میں 'بلا رکاوٹ آسان ڈیجیٹل اکاؤنٹ' کا نام دیا گیا ہے تاکہ تمام پاکستانیوں خصوصاً خواتین کو باسہولت بینکاری تک رسائی کو اجاگر کیا جاسکے۔

'آسان ڈیجیٹل اکاؤنٹ' محض چند بٹن دبا کر مالی سہولتوں تک دستیابی اور رسائی فراہم کرتا ہے۔ اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ یہ اکاؤنٹس خواتین کے لیے بطورِ خاص مددگار ہیں کیونکہ ان میں دستاویزات کے فقدان، بینک برانچز کی دوری اور دیگر سماجی اور ثقافتی روایات جیسے مسائل نہیں ہیں جو عام طور پر بینک اکاؤنٹس تک خواتین کی رسائی کو محدود کرتے تھے اور ان کی مالی شمولیت کی راہ میں رکاوٹ تھے۔

یہ تقریب اسٹیٹ بینک کے فیس بک پیج پر براہِ راست نشر کی جائے گی۔ براہِ کرم باخبر رہنے کے لیے اسٹیٹ بینک کا فیس بک پیج اور ٹوئٹر ہینڈل دیکھیے۔

***